Learn
German
from the
Professionals



German

ENGLISH / URDU COURSE
With Pronunciation

Specially for

- ✓ Students/Beginners
- ✓ Businessmen
- ✓ Tourists/Visitors
- ✓ Delegates etc.



ISBN 978-969-573-114-7

Published by:
Jahangir Books

Buy online: www.anarkalimall.com www.jbdpress.com

Learn
German
from the
Professionals

FREE CD INSIDE
German
English
Course

جرمن

انگلش/اردو کورس

مَع تلفّظ

موزوں برائے

- ✓ طلباء
- ✓ کاروباری افراد
- ✓ سیّاح
- ✓ نمائندگان/وفود وغیرہ



86
Since 1923
JAHANGIR BOOKS

جرمن

انگلش/اُردو کورس

مَع تلفظ

Audi

Sing mit mir
for Kinder

موزوں برائے

طلباء

نمائندگان/وفود

کاروباری افراد

سیاح وغیرہ

جہانگیر بُکس

• لاہور • راولپنڈی • ملتان • فیصل آباد • حیدر آباد • کراچی

ناشر: عدیل نیاز

قیمت: -/350 روپے

For suggestions and complaints please contact
e-mail: info@jworldtimes.com
www.jbdpress.com

121- ڈی، گلبرگ II، لاہور۔
فون: 042-35754519

ڈسٹری بیوشن

لاہور: اردو بازار، فون: 042-37220879
لاہور: جہانگیر سنز، جوہر ٹاؤن، فون: 3-042-35290892
لاہور: جہانگیر سنز، گلبرگ، فون: 042-35771000
راولپنڈی: کتاب گھر، اقبال روڈ، نزد کمیٹی چوک، فون: 051-5539609
کراچی: اردو بازار، فون: 021-32765086
حیدرآباد: مکان نمبر 194/8 نزد علی مینشن، لجپت روڈ، فون: 022-2780128

- forest - wald
- forget - vergessen
- pressure - druck.

اِنتساب

جرمنی کے عظیم شاعر گوئٹے کے نام

تعارف

جرمن زبان کی کتاب کے ساتھ آپ کو خوش آمدید۔ بہت عرصے سے مارکیٹ میں جرمن زبان کی کتابوں کی کمی شدت سے محسوس کی جارہی تھی اور جو کچھ کتابیں دستیاب ہیں وہ ایک عام استعمال کنندہ کی ضروریات کو پورا کرنے سے قاصر ہیں۔ جہانگیر بک ڈپو کے توسط سے یہ کتاب حاضر ہے۔ یہ علمی میدان میں ایک خوبصورت اور بروقت اضافہ ہے اور میں جہانگیر بک ڈپو کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں کہ انہوں نے زبانوں کی کتابوں پر کام کا آغاز کرکے ایک عام پڑھنے والے کی زبردست مدد کی ہے۔

جرمنی یورپ کے وسط میں واقع ہے اور اس ملک کی دو بڑی پہچانیں ہٹلر اور سائنسدان نیوٹن ہیں۔ جرمن نا صرف خوبصورت ملک ہے بلکہ ٹیکنالوجی کی دنیا میں شاید سب سے آگے بھی۔ آج دنیا میں جنگی لحاظ سے جتنی بھی ترقی ہوئی ہے وہ جرمنی کی ہی مرہونِ منت ہے۔ انجنیئرنگ ٹیکنالوجی میں بھی جرمنز کا کوئی ثانی نہیں۔ یہاں کی مصنوعات کی دنیا میں بہت مانگ ہے اور مرسڈیز، بی۔ایم۔ڈبلیو کاروں کو تو آپ جانتے ہوں گے اس کے علاوہ سیمنز (Siemens) وغیرہ بھی جرمن کمپنیاں ہی ہیں۔

تعلیم کے معاملے میں بھی جرمنی بہت آگے ہے اور سب سے بڑھ کر بات کہ یہاں ہر قسم کی تعلیم مفت ہے چاہے وہ ملکی طالب علم ہوں یا غیر ملکی سب کو مفت تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ جرمن حکومت دیوار برلن گرنے کے بعد ایک زبردست اقتصادی قوت کے طور پر آئی ہے۔

جرمن زبان:۔

جرمن زبان ایک آسان زبان ہے۔ یہ زبان تین بڑے ممالک میں بولی جاتی ہے جن میں جرمن، آسٹریا اور سوئٹزرلینڈ شامل ہیں۔ ڈچ زبان میں بھی اس زبان کے بہت سے الفاظ شامل ہیں اور اس زبان پر بنیادی عبور حاصل کرنا کچھ مشکل نہیں۔

ویسے تو یہ کہنا حق بجانب ہوگا کہ ہر زبان کو سیکھنے میں صدیاں لگ سکتی ہیں۔ کیونکہ اگر آپ غور کریں تو ہم اردو زبان پر بھی پورا عبور نہیں رکھتے جبکہ یہ ہماری قومی زبان ہے۔

کسی بھی زبان کو سیکھتے وقت یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ پہلے زبان وجود میں آتی ہے پھر اس کے اصول مرتب ہوتے ہیں اور ہر زبان کے مختلف الفاظ ہوتے ہیں اور اس کے علاوہ کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں

جنہیں بولنے کے کئی انداز ہوتے ہیں اور کچھ جملے اور الفاظ سلینگ (slang) بھی کہلاتے ہیں۔ مثال کے طور پر انگلش زبان میں اگر کسی سوال کا جواب ہاں ہے تو آپ Yes کہیں گے لیکن اب اکثر yeah اور yep بھی استعمال ہوتا ہے یہ کہ yes کے مطابق ہی مطلب دیتا ہے۔

اسی طرح اگر میں اردو میں آپ کو مثال دوں تو یہ بھی کہا جاسکتا ہے، آئیں بیٹھیں اور اسی جملے کو میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ آئیں تشریف رکھیں۔ ان سب مثالوں کا مقصد آپ کو یہ بتانا ہے کہ ایک زبان میں ایک ہی چیز کو کہنے اور ایک جملے کے مقابلے میں اسی طرح کے کئی جملے دستیاب ہوتے ہیں۔ اس کتاب میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ پڑھنے والے کو عام استعمال کے جملے اور الفاظ ہی بتائیں جائیں اور اس سے آپ کو یہ بتانا بھی مقصود ہے کہ چونکہ دوسری زبان دوسری زبان ہی ہوتی ہے۔ اس لئے اگر آپ کہیں ایک لفظ کے مقابل دوسرا لفظ نظر آئے تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ یہ آپ کے الفاظ کے ذخیرے کو بڑھانے کیلئے ہے۔

اس کتاب میں یہ خیال رکھا گیا ہے کہ گرامر کو بہت مشکل انداز میں پیش نہ کیا جائے اور آپ کو لمبی چوڑی گردانوں کے چکر میں نہ ڈالا جائے بلکہ بنیادی چیزیں سکھائیں جائیں کہ آپ خود چھوٹے چھوٹے جملے بنا سکیں اور پڑھ سکیں اور سمجھ سکیں۔ اس کے علاوہ جرمنی جانے والے حضرات جن میں زیادہ تر کاروباری حضرات، ٹورسٹ، سٹوڈنٹ وغیرہ شامل ہیں انہیں اپنی بنیاد اور جملے فراہم کردیئے جائیں جو ایسے حالات میں وہ استعمال کرسکیں جن کا پیش آنا تقریباً لازمی ہے۔

مزید براں اگر پروف ریڈنگ یا کمپوزنگ میں کوئی غلطی رہ گئی ہو تو براہِ کرم اِس کی نشاندہی ضرور کیجیے۔ کتاب کو بہتر بنانے کے لئے اپنے قیمتی مشوروں سے ضرور نوازیئے۔

آپ کتاب شروع کریں اللہ آپ کا حامی وناصر ہو۔

آپ کے خیرخواہ

محمد عامر مجید

جواد اکمل بٹ

محمد اسلم شریف

فہرست

باب نمبر1

باب نمبر2

باب نمبر3

باب نمبر4

باب نمبر5

باب نمبر6

باب نمبر7

باب نمبر8

باب نمبر9

باب نمبر10

باب نمبر11

باب نمبر12

باب نمبر13

منتخب جرمن نظمیں (جے۔ڈبلیو۔گوئٹے) مع انگلش ترجمہ

باب نمبر 1

اس باب میں شامل ہے:

- حروف تہجی اور ان کا تلفظ
- Cardinal Numbers اور Ordinal Numbers

حروف تہجی

ہر زبان مختلف حروف تہجی پر مشتمل ہوتی ہے اور ان سے مل کر مختلف الفاظ بنائے جاتے ہیں۔ جرمن زبان میں حروف تہجی کی تعداد تیس (30) ہے۔ یہ حروف تقریباً تمام انگلش حروف تہجی جیسے ہی ہیں سوائے چند ایک کے آئیں اب انہیں دیکھیں اور سیکھیں کہ ان کو بولتے وقت کیسے ادا کیا جاتا ہے۔

Aa (aa) (آ)	ä (ae) (اےئی)	Bb (bay) (بے)	Cc (say) (سے)
Dd (day) (ڈے)	Ee (aey) (اے)	Ff (ef) (ایف)	Gg (Gay) (گے)
Hh (ha) (ہا)	Ii (ee) (ای)	Jj (yot) (یوٹ)	Kk (ka) (کا)
Ll (el) (ایل)	Mm (em) (ایم)	Nn (en) (این)	Oo (O) (او)
ö (Oaey) (اوئے)	Pp (pay) (پے)	Qq (koo) (کوو)	Rr (Err) (ایرر)
S (es) (ایس)	Tt (tay) (ٹے)	Uu (oou) (اوو)	ü (uae) (یواے)
Vv (فاؤ) (Faa-o)	Ww (وے) (way)	Xx (ایکس) (eex)	Yy (ای) (اپسیلون) (ipsilon)
	Zz (سیٹ) (set)	(SS)ß (ایس۔سیٹ) (es-set)	

ان حروف تہجی میں وول (vowel) وہی ہیں جو انگریزی زبان میں ہیں یعنی a,e,i,o,u لیکن یاد رکھیں ان کے استعمال کے اصول انگریزی زبان جیسے نہیں کہ اگر لفظ vowel سے شروع ہوا ہے تو پہلے an لگے گا۔ مثلاً an apple جرمن زبان میں ان vowel کا ایسا کوئی استعمال نہیں ہے۔

اُم لاؤٹ (Umlaut)

جرمن حروف تہجی میں تین حروف ایسے ہیں جنہیں اُم لاؤٹ کہا جاتا ہے۔ یہ تین حروف مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ ä
2۔ ö
3۔ ü

ان تین حروف اور نارمل (u, o, a) میں فرق یہ ہے کہ جب یہ کسی لفظ میں آئیں گے تو وہاں ان کی آواز بیٹھی ہوئی نکلے گی جبکہ نارمل (u,o,a) کہ ساتھ آواز کھڑی ہوئے نکلے گی۔ مثلاً انگریزی زبان کا لفظ ہے Flat اگر میں اسے جرمن زبان میں ادا کروں تو میرا تلفظ یہ ہوگا۔ ''فلاٹ Flaat'' یعنی (a) کی آواز کھڑی ہوئی ہے اور اگر اس (a) کی جگہ میں umlaut، (ä) استعمال کروں گا تو اس کی آواز ایسی ہوگی، فلیٹ (flaet) یعنی اب غور کریں تو آواز بیٹھی ہوئی ہے۔

umlaut کی پہچان اس کہ اوپر موجود دو نقطے ہیں ''..'' اسی طرح ''O'' ''Ö'' میں تھوڑا فرق دیکھ لیتے ہیں۔ جرمن زبان کا لفظ ہے Möchten جس کہ معنی ''چاہنا'' یعنی کسی چیز کی خواہش کرنا کے ہیں اب اس میں ''M'' کے بعد ''Ö'' یعنی umlaut ہے تو اس کا مطلب ہے اب اس کی آواز بیٹھی ہوئی ہوگی۔ اگر اس لفظ کو جرمن زبان میں ادا کیا جائے تو اس کا تلفظ کچھ یوں ہوگا۔ ''موئے شٹن'' (Moaey-shutan) اور فرض کریں اگر یہی لفظ ''Ö'' کے بغیر ہوتا تو اس کا تلفظ کچھ یوں ہوتا ''موشٹن'' (Mo-shtan) اسی طرح ''ü'' کے استعمال کو بھی دیکھتے ہیں۔ جرمن زبان کا ایک لفظ (Maskulin) ہے جس کہ معنی مذکر کے ہیں اور انگلش میں اسے Masculine کہتے ہیں اس کا تلفظ کچھ یوں ہوگا ''ماسکولن'' (Maas-ko-lin) اور بلفرض اس لفظ میں ''u'' کی جگہ umlaut ''ü'' لگا ہوتا یعنی ''Maskülin'' تو اس کا تلفظ کچھ یوں ہوتا ''ماسکوئے لن''۔

اب آپ یقیناً جان چکے ہوں گے کہ umlaut کیا ہیں اور ان کہ مقابل الفاظ یعنی (u,o,a) سے صرف آواز کا فرق ہے۔ یعنی اگر umlaut ہوگا تو آواز بیٹھی ہوگی اور اگر مقابل الفاظ ہوں گے تو آواز کھڑی ہوگی۔

R (ایر) (Err)

ویسے تو اس حرف کا ذکر ضروری نہیں لیکن اس کے استعمال میں تھوڑا سا اختلاف دیکھا گیا ہے۔ عام طور پر اس کی آواز نارمل R جیسی ہی ہے لیکن کچھ جرمن جب تیزی سے اسے بولتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ آواز ''غ'' کی ہے لیکن آپ اس کو ''R'' آر کی آواز میں ہی پڑھیں اور ''آر'' کو ذرا ''rr'' کی آواز میں استعمال کریں۔ دو الفاظ ایسے ہیں جن میں 'R' کا استعمال زیادہ تر ''غ'' کی آواز میں ہے۔ ایک ''Jahr'' (یاغ)

(yaagh) یعنی ''سال'' اور دوسرا ''warum'' (وارم) مطلب ''کیوں'' ''why'' ۔اب ہم باقی تمام حروف تہجی کے حروف کی چھوٹی چھوٹی مثالیں دیکھتے ہیں تا کہ ان کی آوازوں کا صحیح علم ہو سکے۔

(آ) Aa

جب بھی ہم ''a'' کو کسی بھی لفظ میں استعمال کریں گے تو اس کی آواز کھڑی ہوگی۔جرمن زبان کا ایک لفظ ہے (Angst) جس کہ معنی ڈر کے ہیں اس کا تلفظ یوں ہوگا۔''آنگسٹ'' اور انگلش میں ''Aangst'' یعنی A کھڑی ہوئی آواز میں ہے۔

(بے) Bb

اس کی آواز عام B یا اردو ''ب'' جیسی ہے۔جرمن زبان کا لفظ ہے ''Bild'' جس کے معنی تصویر کے ہیں۔اس کا تلفظ یوں ہوگا ''بِلڈ'' اور انگلش میں ''Beeld''۔

(سے) Cc

اس کی آواز تو سے جیسی ہے لیکن یہ لفظ اکیلا بہت کم استعمال ہوتا ہے زیادہ تر یہ ''h'' کے ساتھ استعمال ہوتا ہے یعنی ''ch'' اکٹھا اور اس کا تلفظ بالکل مختلف ہو جاتا ہے اسے ہم آگے چل کر دیکھیں گے۔

(ڈے) Dd

جرمن زبان کا لفظ ہے ''Dumb'' جس کے معنی ہیں بیوقوف۔اس کا تلفظ یوں ہوگا۔''ڈُمب'' اور انگلش میں (Doom-b)۔

(اے) Ee

اس لفظ کی آواز کہیں تو اے ہے اور کہیں ای ہی ہے لیکن زیادہ تر اے کی ہے۔جرمن زبان میں ایک لفظ ہے ''ein'' جس کا مطلب ہے ''ایک'' اس کا تلفظ یوں ہوگا۔''آئن'' اور انگلش میں ''Aeen'' نہ کے ''این'' (Een)۔

(ایف) Ff

اس کا تلفظ نارمل انگلش کے ''F'' جیسا ہی ہے جرمن زبان کا ایک لفظ ہے۔''Frau'' جس کے معنی عورت کے ہیں۔اس کا تلفظ کچھ یوں ہوگا۔''فراؤ'' اور انگلش میں (Fra-o)۔

(گے) Gg

اس حرف کو ہم گے کی آواز میں پڑھیں گے۔جرمن زبان میں ایک لفظ ہے ''Glas'' جس کے معنی گلاس کے ہیں۔اس کا تلفظ کچھ یوں ہوگا۔''گلاس'' اور انگلش میں (Gl-ass)۔

(ہا) Hh

جرمن زبان کا ایک لفظ ہے"Herr" جس کے معنی Mr یعنی مسٹر کے ہیں اس کا تلفظ یوں ہے"ہیئر" (Haerr)۔

(ای) Ii

اس کی آواز بہت ہی بیٹھی ہے یعنی ای جرمن زبان کا لفظ ہے"kind" جس کے معنی بچے کے ہیں، اس کا تلفظ یوں ہوگا۔"کِنڈ"(keend)۔

(یوٹ) Jj

یہ لفظ ہے تو انگلش کے J "جے" جیسا لیکن اس کی آواز"یوٹ" کی ہے یا آپ کہہ لیں"ے" کی آواز ہے۔ جرمن زبان کا لفظ ہے"Ja" جس کہ معنی"ہاں" کے ہیں۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا۔"یا" اور انگلش میں "Ya"۔

(کا) Kk

اس کا تلفظ کا ہے یا نارمل (k) جیسا ہی ہے۔ جرمن زبان کا لفظ ہے"kaffee" جس کا مطلب ہے "کافی" یعنی جو کافی ہم پیتے ہیں۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا کافے (kaa - fay)۔

(ایل) Ll

اس کا تلفظ عام ایل جیسا ہے جیسے جرمن زبان کا لفظ ہے"lund" جس کے معنی ہیں ملک یا country ہے۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا"لُنڈ"(lund)۔

(ایم) Mm

اس کی آواز نارمل m (ایم) جیسی ہے۔ جیسے جرمن لفظ ہے"Mann" جس کے معنی"مرد" کے ہیں۔ اس کا تلفظ یوں ہے۔"مَن"(Mann)۔

(این) Nn

اس کا تلفظ بھی عام انگریزی کے لفظ"n"،"این" جیسا ہی ہے۔ جرمن زبان کا لفظ ہے"nein" یعنی جس کا مطلب ہے"نہیں" اور اس کا تلفظ ہے"نائین""Naa-een"۔

(او) Oo

جرمن زبان میں ایک لفظ ہے"Ober" جس کے معنی"ویٹر""waiter"(بیرا) کے ہیں۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا۔"اوبر"(Oo-bar)۔

Pp (پے)

اس حرف کا تلفظ بھی نارمل "p" یا اردو میں "پ" جیسا ہے۔ جرمن زبان کا لفظ ہے "Punkt" جس کے معنی "فل سٹاپ" کے ہیں اور انگلش میں "Full stop" (•) کے ہیں۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا۔ "پُونکٹ" (Poonkt)۔

Qq (کو)

اس کی آواز عام "Q" جیسی ہی ہے۔

Rr (ایر)

اس کو ہم پہلے جان چکے ہیں ایک اور مثال دیکھ لیتے ہیں۔ جرمن زبان کا لفظ ہے "Rot" جس کے معنی "سرخ" یا red کے ہیں۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا۔ "روٹ" (Root)۔

Ss (ایس)

یہ ویسے تو s ہے لیکن اس کی آواز عام طور پر "ز" یا "z" کی ہے اور بہت کم جگہ پر یہ ایس کی آواز دیتا ہے اور اگر کسی لفظ کے شروع میں ہو اور ساتھ h (ایچ) لگا ہو تو آواز "ش" کی ہوگی۔ جرمن زبان کا ایک لفظ ہے "Sehen" جس کہ معنی ہیں "دیکھنا" (to see)۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا۔ "زیحن" (zay-hen) اور اگر یہ شروع میں ہو تو ایک جرمن زبان کا لفظ ہے "suhuhe" یعنی جوتا یا shoes تو اس کا تلفظ ہوگا۔ "شوہے" (shoe-hay) اسی طرح اس کے ساتھ اگر "P" بھی ہو تو عام طور پر اس کی آواز "ش" کی ہوتی ہے۔

Tt (ٹے)

یہ بھی عام ٹی (T) جیسا ہے اور جرمن زبان کا ایک لفظ ہے "Tee" جس کے معنی "چائے" یا "Tea" کے ہیں۔ اس کا تلفظ کچھ یوں ہوگا۔ "ٹے" (Tay)۔

Uu (یو)

"u" کا استعمال ہم پہلے دیکھ چکے ہیں۔

Vv (فاؤ)

ویسے تو یہ "V" ہے لیکن اس کی آواز "ف" کی ہے یا ایف جیسی۔ جرمن زبان کا ایک لفظ ہے "vier" جس کے معنی "چار" یا "four" کہ ہیں۔ اس کا تلفظ یوں ہوگا۔ (فی۔یر) (Fee-ar)۔

Ww (وے)

اس کا تلفظ نارمل "w" ڈبلیو جیسا ہی ہے۔ جرمن زبان کا لفظ ہے "Wagen" یعنی ویگن یا "wagen" اوراس کا تلفظ ہے۔"واگن"یا(waa-gun)۔

Xx (ایکس)

اس کی آواز بھی نارمل "x" جیسی ہے۔ جرمن زبان کا ایک لفظ ہے "Exzelient" جس کا مطلب ہے "Excellent" یا بہترین اس کا تلفظ یوں ہوگا۔(آ ک۔سی۔لانٹ)یا(Axsillant)۔

Yy (اپسیلون)

اس کی آواز ای(e) جیسی ہے مثلاً چائے کے لئے tay تو تلفظ ٹے ای ہوگا۔y کو تیزی سے بول کر ہم ٹے ایسے کہیں گے کہ یوں لگے گا کہ ٹی (tee)

Zz (سیٹ)

جرمن میں "z" (زیڈ) کی آواز "S" یعنی "س" کی ہے۔ جرمن زبان کا ایک لفظ ہے۔ "Zigarette" جس کا مطلب ہے۔سگریٹ (Cigarette) اس کا تلفظ یوں ہوگا۔ (سی۔گا۔ریٹ) (See-gaa-rate)

SSβ (ایس سیٹ)

β یہ نشان بیٹا کا نشان بھی ہے اور جرمن زبان میں جہاں دو ایس استعمال کرنے ہوں یا "ہس" جیسی آواز استعمال کرنی ہو وہاں یہ استعمال ہوتا ہے۔ آجکل جرمنی میں اسے "ss" ڈبل ایس سے تبدیل کیا جارہا ہے لیکن اس میں وقت لگے گا۔ آئیں اس کی مثال دیکھ لیں۔ جرمن زبان کا ایک لفظ ہے "Weiβ" جس کا مطلب ہے white یا سفید۔ آئیں اس کا تلفظ دیکھیں "وائس" یا(wa-ee-ss)۔

ابھی آپ نے تمام حروف تہجی دیکھے اور ان کی آوازوں کو مثالوں کے ساتھ سمجھا۔ جرمن زبان میں لفظوں کو ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ ہر حرف کی آواز کو علیحدہ ادا کریں۔ یعنی کسی لفظ میں جو بھی حروف تہجی آرہے ہیں انہیں ان کی آوازوں کے مطابق ادا کریں۔ تو آپ جلد تلفظ پر قابو پالیں گے۔ مثال کے طور پر ایک لفظ ہے "tanzen" جس کے معنی ہیں ڈانس کرنا۔ اب اس کا تلفظ یوں ہوگا۔ "ٹان۔ سن" (Taan-sun) ۔
مزید جملے پڑھ کر انشاءاللہ آپ اس زبان کو جلد سیکھ لیں گے کہ اس کا تلفظ تقریباً انگلش زبان جیسا ہی ہے۔

لفظوں کے تلفظ پر مزید بحث

جرمن زبان میں کچھ حروف کو جمع کرنے سے وہ مختلف آوازیں دیتے ہیں جن کا سمجھنا بہت ضروری ہے۔ اس میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا اجماع "CH" کا ہے۔ آئیں دیکھیں ان دو حروف کو جب بھی ساتھ لکھا جائے گا تو کیا آواز بنے گی۔

:CH

Ch جہاں بھی ہوگا زیادہ تر یہ ''ش'' (sh) کی آواز دے گا لیکن اس کے علاوہ بھی اس کی آوازیں ہیں آئیں مثالوں سے سمجھیں۔

سب سے پہلے ہم دیکھتے ہیں کہ جرمنی (Germany) کو جرمن زبان میں کیا کہتے ہیں۔ اسے Deutschland کہتے ہیں۔ اب چونکہ ہم ''Land'' کا تلفظ تو سیکھ چکے ہیں دیکھتے ہیں Deutsch کو کیسے ادا کیا جائے۔ کیونکہ اس میں ch موجود ہے۔ اس لفظ کا تلفظ یوں ہوگا۔

جرمن	اردو	انگلش
Deutsch	ڈوئے چ	Do-aych

بعض لوگ اسے ڈوایش بھی پڑھتے ہیں لیکن یہ ڈوئے چ ہی کہلائے گا۔

''ch'' کے باقی اصول یہ ہیں۔

اگر یہ مندرجہ ذیل حروف کے بعد آئے گا تو اس کی آواز ''ش'' کی ہوگی۔

r, n, /, eu, ei, ü, ö, ä e, i

مثال کے طور پر

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Ich	ee-sh (اِش)	I	میں
Na-türlich	Na-toer-lish (ناٹوئر۔لش)	Naturally	قدرتی طور پر
Möchte	Moay-sh-tay (موئش۔ٹے)	To want	چاہنا
Milch	Mil-sh (ملش)	Milk	دودھ
Reich	Raa-ie-sh (رائش)	Rich	امیر
Bücher	Bee-u-sher (بیوئے۔شیر)	Books	کتابیں

Ch سے خ کی آواز:۔

Ch اگر مندرجہ ذیل حروف کے بعد آئے گا تو اس کی آواز ''خ''''khay'' کی ہوگی۔

au, u, o, a

مثال کے طور پر

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Machen	Maa-khen (ماخن)	to make	بنانا
Woche	Wou-khay (ووخے)	week	ہفتہ
Suchen	Zoo-khen (زوخن)	To search	ڈھونڈنا
Auch	Aau-kh (آؤخ)	also	یہ بھی

Chen یعنی Ch کے بعد en کا آنا:

جب بھی کسی لفظ میں ch کے بعد en آئے یعنی chen تو آواز ''ش'' (shun) کی نکلے گی۔

مثال کے طور پر

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Mädchen	Made-shun (میڈشن)	virgin girl	کنواری لڑکی
Bisschen	Bis-shun (بس شن)	little bit	تھوڑا سا

نوٹ:

اگر آپ کبھی ch کو جہاں 'ش' کی آواز دینی ہوگی وہاں ''خ'' کی آواز دے دیں یا جہاں 'خ' کی آواز دینی ہو وہاں 'ش' کی دے دیں تو شاید جرمن اس کا برا نا منائیں اور آپ کی بات سمجھ لیں کیونکہ ویسے وہ 'ش' بولنے کے زیادہ شوقین ہیں۔ لیکن بہتر یہی ہے کہ زبان کو اصولوں کے مطابق استعمال اور پکا کیا جائے۔

ig کی بحث:

تلفظ اور الفاظ کی ادائیگی میں حروف کا ایک اور اجماع ہے جو ہے ''ig'' یہ عام طور پر الفاظ کے اختتام پر آتا ہے اور اس کا تلفظ ''اش'' (Ish) کا ہے۔

آئیں مثالوں سے اسے سمجھیں

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Ledig	La-dish (لیڈش)	Bachelor	کنوارہ
Billig	bee-lish (بی۔لش)	Cheap	سستا
Wenig	van-nish (وینش)	Few	کچھ یا تھوڑا
Fertig	fayr-tish (فیرتش)	Finished	مکمل

نوٹ:

''ig'' کو کچھ لوگ ''اگ'' کی آواز میں بھی استعمال کرتے ہیں اور میں پھر کہوں گا کہ یہ بھی غلط نہیں لیکن چونکہ زیادہ استعمال میں اس کی آواز ''اِش'' کی ہی ہے اس لئے اسے ''اش'' کہ تلفظ میں ہی استعمال کریں۔

جنس

ہر زبان میں مختلف چیزوں اور انسانوں کی جنس ہوتی ہے۔ کہ وہ مذکر ہیں یا مونث، اور انگلش میں Masculine یا Feminine جرمن زبان میں بھی چیزوں اور انسانوں کی جنس جسے Gender بھی کہتے ہیں موجود ہے لیکن یہ دو نہیں تین ہیں اور وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Maskulin	Maas-ko-lin (ماس۔کو۔لین)	Masculine	مذکر
Feminin	Fay-me-nin (فیمی۔نین)	Feminine	مونث
Neutrum	Noay-trum (نوئے ٹرم)	Gender	جنس

یہ تیسری جنس آپ کہہ سکتے ہیں کہ ''it'' کی جگہ استعمال ہوتی ہے لیکن مزے کی بات ہے کہ یہ جنس بعض انسانوں کے ساتھ بھی استعمال کی جاتی ہے۔

نوٹ:

اب چونکہ ہم gender پر بحث شروع کرنے لگے ہیں تو آپ کے علم میں آئے گا کہ بہت ساری چیزیں جو انگلش یا اردو میں مونث ہیں وہ جرمن میں مذکر ہیں اور اسی طرح بہت سی چیزیں جرمن میں نوئے ٹرم ہیں جبکہ اُردو اور انگلش میں وہ یا مذکر ہیں یا مونث۔ ایک بات آپ کو ذہن میں رکھنی ہے کہ دو زبانوں کا موزانہ یا gender comparison کے حساب سے نہیں کرنا۔ مثال کے طور پر جرمن میں کنواری لڑکی کو mädchen (میڈشن) (Made-shun) کہتے ہیں۔ اب آپ سوچیں گے کہ اس کی جنس مونث ہے، لیکن جرمن زبان میں یہ Neutrum (نوئے ٹرم) (Noay-trum) ہے۔ جس کا مطلب ہوا اس کے ساتھ ''SHE'' کا صیغہ استعمال نہیں ہوسکتا تو اگر اپ اسی مخمصے میں پڑے رہے کہ اُردو اور انگلش میں تو یہ مونث ہے لیکن یہاں کیوں نہیں تو پھر زبان کا سیکھنا آپ کیلئے بہت مشکل ہو جائے گا۔ کیونکہ ہر زبان کے اپنے اصول اور اپنے قاعدے ہیں اور ہمیں اسی طرح انہیں قبول کرنا اور سیکھنا ہے نا کہ زبانوں کا موازنہ کرنا ہے۔

اب ہم دیکھتے ہیں کہ تینوں جنسوں کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔

Definite Article / حرف تنکیر

انگلش زبان میں ہم اس آرٹیکل کو "the" کے طور پر استعمال کرتے ہیں جو کہ کسی بھی خاص چیز کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً "the book" یا "the man" اب یہ کوئی خاص کتاب ہے یا خاص آدمی نا کہ کوئی بھی کتاب اور آدمی۔ اردو میں ہم اس کیلئے "یہ" کا صیغہ استعمال کرتے ہیں جیسے "یہ کتاب" یا پھر "یہ آدمی" جبکہ جرمن زبان میں ہر جنس کیلئے ڈیفینیٹ آرٹیکل مختلف ہے اور وہ یوں ہے۔

Gender	انگلش	اُردو	جرمن
der (Dare) (ڈیئر)	Masculine	مذکر	Maskulin (Maas-ko-lin) (ماسکو۔لن)
die (die) (ڈی)	Feminine	مونث	Feminin (Fay-me-nin) (فیمی۔نین)
das (daas) (ڈس)			Neutrum (نوئے۔ٹرم) (Noay-trum)

اب ان کا استعمال سیکھنا ہے اور مثال سے دیکھتے ہیں کہ کیسے جرمن زبان میں سے تین الفاظ چنتے ہیں جو کہ تینوں مختلف جنس رکھتے ہیں۔ یعنی مذکر، مونث، نوئے ٹرم۔

1۔ مذکر:

Man	آدمی	Mann	Maan	مَن

2۔ مونث:

Woman	عورت	Frau	Fra-o	فراؤ

3۔ نوئے ٹرم:

Book	کتاب	Buch	Bu-kh	بُخ

اب ان کو Gender کے ساتھ استعمال کر کے دیکھتے ہیں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Der Mann	Dare-Maan (ڈیئر۔مَن)	The man	یہ آدمی
Die Frau	Dee-Fra-o (ڈی۔فراؤ)	The woman	یہ عورت
Das Buch	Das Bu-kh (ڈس بُخ)	The book	یہ کتاب

اب آپ کو تھوڑا اندازہ ہوا کہ ہر چیز کی جنس کے مطابق اس کے ساتھ آرٹیکل لگے گا۔ چاہے وہ انسان

ہوں یا چیزیں۔ ایک مثال اور دیکھتے ہیں جس سے یہ مزید واضح ہو جائے گا۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Der Tisch	Dare Tee-sh (ڈیئر۔ٹش)	The table	یہ میز
Die Uhr	Dee Ou-her (ڈی۔اووہر)	The watch	یہ گھڑی
Das kind	Dass-keend (ڈس کنڈ)	The child	یہ بچہ

اب آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ میز جرمن زبان میں "مذکر" گھڑی "مونث" اور بچہ "نیوٹرل" ہے۔ اب ہم اسے کچھ جملوں کی مدد سے بھی دیکھتے ہیں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Der Tisch ist gut	Dare Tee-sh eest - goot ڈیئر ٹش اسٹ گوٹ	The table is good	یہ میز اچھی ہے
Die uhr ist richtig	Dee Oo-her - eest reesh - teesh ڈی اووہر اسٹ رشٹش	The clock is right	گھڑی صحیح ہے
Das bild ist groß	Dass Beeld esst gross ڈس بلڈ اسٹ گروس	The picture is big	تصویر بڑی ہے

اس سے ہمیں یہ معلوم ہوا کہ جب ہم کسی خاص چیز یا انسان کے بارے میں بتائیں گے تو جرمن میں اس کا gender یا جنس ساتھ لگے گا جبکہ انگلش میں "The" لگتا ہے اور اُردو میں "یہ" یا کچھ بھی نہیں۔

نوٹ:

جرمن زبان کو سیکھنے کیلئے شروع میں یہ اچھا ہے کہ آپ چیزوں کے gender بھی ساتھ سیکھیں اس طرح جملے بنانے میں آپ کو آسانی رہے گی۔

Indefinite Article / غیر مخصوص حرف تنکیر

انڈیفینیٹ آرٹیکل یعنی انگلش میں "a"، اور "an" جیسے "a book"، "an apple" اور اُردو میں "ایک" جیسے ایک کتاب یا "ایک سیب"۔ اس کا مطلب ہوا کہ کوئی بھی ایک چیز نا کہ کوئی خاص چیز جرمن زبان میں اس کے لئے "gender" یا "جنس" کے حوالے سے یہ آرٹیکل مختلف ہیں۔

آئین	ein (Aa-in)	one	ایک	مذکر	1۔
آئنے	eine (aa-in-nay)	one	ایک	مونث	2۔
آئین	ein (Aa-in)	one	ایک	نیوٹرل	3۔

یعنی جب بھی ہم نے بتانا ہوگا کہ کوئی بھی ایک چیز تو ہم ein,eine یا ein جنس کے لحاظ سے استعمال کریں گے۔ آئیں مثالوں سے دیکھیں۔

(آئین من)	Ein Mann (Aa-in Man)	One man	ایک آدمی	مذکر	1۔
(آئینے فراؤ)	Eine Frau (Aa-in-nay Fr-ao)	One woman	ایک عورت	مونث	2۔
(آئین بوخ)	Ein Buch (Aa-in Boo-kh)	One book	ایک کتاب	نوئے ٹرم	3۔

اب آپ کو معلوم ہوگیا ہوگا کہ کسی ایک چیز کو مختلف جنس میں کس طرح تعداد یعنی ''ایک'' یا ''a'' کے لحاظ سے جرمن زبان میں بتایا جاتا ہے۔

افراد Persons:

جرمن Prasens (Praa-saens) (پراسنس)

افراد سے مراد لوگ ہیں یعنی زبان کے لحاظ سے کسی کو ہم جب بلاتے ہیں تو یوں بولتے ہیں ''تم''، ''میں''، ''وہ''، ''آپ'' وغیرہ آئیں دیکھیں جرمن زبان میں ہمیں کتنے افراد کے صیغے دستیاب ہیں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Ich	Ish (اِش)	I	میں
du	do (ڈو)	You	تم
Er	Aerr (ایر)	He	وہ (مذکر)
Sie	Zee (زی)	She	وہ (مونث)

(صرف نوئے ٹرم کیلئے)

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
es	Ess (ایس)	It	وہ
Sie	Zee (زی)	You	آپ
wir	wee-ar (ویئر)	We	ہم
Sie	Zee (زی)	they	وہ (سب)
ihr	ee-her (ای۔ہر)	they	تم (سب)

یہ تو تھے افراد اب اس میں کچھ افراد ایسے ہیں جن کے ہجے ایک جیسے ہیں۔ مثلاً sie (she)، (They)، Sie، Sie (آپ)، تو مشکل پڑ گئی نا، کہ کیسے پتا چلے کہ جملے میں مونث یعنی sie (she) کیلئے استعمال ہوا ہے یا sie (they) کیلئے استعمال ہوا ہے یا sie (آپ) کیلئے استعمال ہوا ہے۔

تو جناب اب اس اصول کو سمجھتے ہیں سب سے پہلے تو sie (آپ) جو ہے وہ ہمیشہ ہی بڑے یعنی (S)

Capital کے ساتھ ہوگا۔ چاہے یہ جملے کے درمیان میں ہی کیوں نہ ہو۔ باقی دونوں "sie" کا فرق ہم جملے کے حالات سے اندازہ لگا کر کرتے ہیں۔ اس کی زیادہ بہتر مثال میں انگلش میں دینا چاہوں گا۔

1۔ They are
2۔ She is

یہاں تو آپ کو فوراً she اور they سے معلوم ہو گیا کہ کون سا فرد ہے۔
لیکن اگر اسی جملے میں (she) کی جگہ (they) ہی استعمال ہو تو پھر اس سے کیسے پتا چلے گا۔ مثلاً

1۔ They are
2۔ They is (She کی جگہ)

جی ہاں آپ یقیناً جان گئے ہوں گے کہ ہمیں پتا (is) اور (are) سے چلا۔ کہ (is) والا (they) (she) کا ہے اور (are) والا (they)، (they یعنی وہ سب) کا ہے۔
اب میں اسے جرمن زبان میں واضح کرتا ہوں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Sie sind da	Zee - zind زی۔زنڈ	They are	وہ سب ہیں
Sie ist da	Zee - eest زی۔اسٹ	She is	وہ ہے۔(مونث)

تو مشکل آسان ہوئی اور سمجھ میں آیا کہ جملے کے حالات یعنی content سے ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ کون سا فرد ہے۔ ان مثالوں میں ہمیں (ist) اور (sind) سے پتا چلا کہ یہ (she) والا (sie) ہے یا (they) والا (sie)۔
ایک اور بہت اہم بات کہ ہم جرمن زبان میں چیزوں کی جنس کے لحاظ سے فرد کا صیغہ لگاتے ہیں۔ مثلاً

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Rabia ist eine frau sie ist gut	Rabia eest Aaeenay fr-aao zee esst goot	Rabia is a woman, she is good.	رابعہ ایک عورت ہے وہ اچھی ہے۔

یہ مثال تو ہوئی انسان کی کہ چونکہ رابعہ ایک عورت ہے اس لئے وہ مونث (she) کے طور پر استعمال ہوگی۔ اب ایک مثال چیز کی لے لیتے ہیں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Das ist eine uhr - sie ist klein	Daas eest Aaeen-nay ou-her zee esst kla-een	This is a watch. It is small.	یہ گھڑی ہے یہ چھوٹی ہے۔

اب آپ اس جملے پر غور کریں کہ انگلش میں گھڑی کیلئے پہلے اور بعد میں This اور it استعمال کیا گیا جس سے اس کی جنس واضح نہیں لیکن جرمن زبان میں گھڑی کی جنس مونث ہے تو اس کے دوبارہ ذکر پر (sie) یعنی (she) استعمال کیا گیا۔
اس سے ہمیں یہ اصول معلوم ہوا کہ جب بھی جرمن زبان میں کسی چیز کا ذکر دوبارہ ہوگا تو اس کے

4/6/19

03‥456329

لئے (sie)،(Er) یا (es) کا صیغہ استعمال ہوگا تا کہ کوئی مخصوص لفظ جیسے (it) وغیرہ۔
ایک مثال نیوٹرم کی دیکھتے ہیں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Das ist ein Buch. es ist billig	Daas eest Aaeein boo-kh.ess eest beel-leesh	This is a book, it is cheap.	یہ کتاب ہے۔ یہ سستی ہے۔

اس مثال سے امید ہے کہ آپ کو واضح ہوا کہ جرمن زبان میں چیزوں کی جنس کے لحاظ سے ہی ان پر فرد کا صیغہ لاگو ہوتا ہے۔
اب ہم مذکر کیلئے مثال دیکھتے ہیں۔ مذکر کیلئے اصول میں تھوڑی سی تبدیلی آتی ہے۔ مثلاً اگر ایک ہی چیز کا ذکر دوبارہ ہو تو Er کی جگہ ihn استعمال ہوتا ہے۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Tee ist gut. ihn ist warm	Tay eest goot een eest waarm	Tea is good, it is hot	چائے اچھی ہے، وہ گرم ہے۔

تو اصول صرف مذکر میں تبدیل ہوا۔ دوسرا آپ چاہیں تو Tee (Tea) (چائے) سے پہلے اس کا gender یعنی Der لگالیں یا چھوڑ دیں فرق نہیں پڑتا۔

ملکیت، Possesivum, Possession

کسی بھی چیز کی ملکیت ظاہر کرنے کیلئے ہم دیکھتے کہ کونسے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Mein	Maa-een	Mine	میرا
Meine	Maa-enay	Mine	میری
dein	Daa-een	Yours	تمہاری
Ihr	Ee-herr	Yours	آپ کی
Sein	Za-een	His	اس کا (مذکر)
ihr	eehr	Her	اس کی (مونث)
Sein	za-een (نیوٹرم)	Its	اس کا
ihr	ee-herr	Theirs	ان کا
Unser	oon-zerr	Ours	ہمارا
euer	oa-err	Yours (frankly)	آپ کا

اس میں اب ایک چیز کا خیال رکھنا ہے کہ ہر ملکیت کے لفظ کے بعد اگر تو ملکیت کسی مذکر یا نیوٹرم چیز کی ہے تو لفظ ایسے ہی رہے گا مثلاً

مذکر

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Mein Tisch	Maa-eenTee-sh	Mine table	میرا میز

نیوٹرم

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Mein kind	Maa-een keend	Mine kid	میرا بچہ

لیکن اگر چیز مونث ہے تو ہر لفظ کے آخر میں (e) کا اضافہ ہو جائے گا مثلاً

مونث

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Meine watch	Maa-enay ou-her	Mine watch	میری گھڑی

اب اس کی چند مثالیں دیکھتے ہیں۔

Der مذکر	Die مونث	Das نیوٹرم
Mein Vater (Maa-een Faa-tar) میرا باپ Mine Father	Meine Mutter (Maa-enay moot-tar) میری ماں Mine Mother	Mein Auto (Maa-een Aao-tou) میری گاڑی Mine Auto
Dein Vater (Daa-een Faa-tar) تمہارا باپ Your Father	Deine Mutter (Daa-enay moo-tar) تمہاری ماں Your Mother	Dein Auto (Daa-een Aao-tou) تمہاری گاڑی Your Auto
Ihr Vater (Ee-herr Faa-tar) آپ کا باپ Your Father	Ihre Mutter (Ee-herr-ray Mootar) آپ کی ماں Your Mother	Ihr Auto (Ee-herr Aao-tou) آپ کی گاڑی Your Auto
Sein Vater (Za-een Faa-tar) اس کا باپ His Father	Ihr Mutter (Ee-herr moo-tar) اس کی ماں Her Mother	Sein Auto (Za-een Aao-tou) اس کی گاڑی It's auto

Ihr vater (Ee-herr faa-tar) ان کا باپ Thier fahter	Ihre Mutter (Ee-herr-ray moo-tar) ان کی ماں Their mother	Ihr Auto (Ee-herr Aao-tou) ان کی گاڑی Their auto
Unser Vater (oon-zerr faa-tar) ہمارا باپ Our Father	Unsere Mutter (oon-zerr-ray moot-tar) ہماری ماں Our Mother	Unser Auto (oon-zerr Aa-tou) ہماری گاڑی Our Auto
euer Vatter (o-err faa-ter) آپ کا باپ Your Father	euer Mutter (o-err moo-tar) آپ کی ماں Your Mother	Euer Auto (O-err Aa-tou) آپ کی گاڑی Your Auto

Adjective / اسم صفت

جیسا کہ ہر زبان میں اسم ہوتے ہیں تو ساتھ ہی ان کی کوئی نہ کوئی صفت بھی ہوتی ہے۔ یا یہ بغیر صفت کے ہوتے ہیں۔ مثلاً ''خوبصورت بچہ''۔ اس میں خوبصورت صفت ہے جو ہمیں بچے کے متعلق معلومات فراہم کر رہی ہے۔ ایک اور مثال دیکھتے ہیں۔

''بڑا درخت'' اب ''بڑے'' سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ درخت کیسا ہے۔

آئیں دیکھیں صفت کا استعمال جرمن زبان میں کیسے کیا جاتا ہے۔ جیسے کہ جرمن زبان میں تین جنسیں ہیں اس لئے ہر ایک کیلئے اصول تھوڑے مختلف ہیں۔

Der	Die	Das	لفظ	نمبر شمار
guter mann (gootar man) اچھا آدمی good man	gute frau (gootay fraau) اچھی عورت good women	gutes kind (gootas keend) اچھا بچہ good baby	gut (goot) اچھا good	1۔
roter Tisch (rotar Teesh) سرخ میز red table	rote Blume (rota Blumay) سرخ پھول red flower	rotes Buch (rotas Bookh) سرخ کتاب red book	rot (rot) سرخ red	2۔

ان مثالوں سے ہمیں پتہ چلا کہ اگر تو اسم مرکز ہے تو صفت کے ساتھ (er) کا اضافہ ہوگا۔ اسی طرح اگر اسم نوئے ٹرم ہے تو (es) کا اضافہ ہوگا اور اگر اسم مونث ہے تو (e) کا اضافہ۔

اگر اسم جمع ہے تو بھی صرف (e) کا اضافہ ہوگا۔

دوسرا اصول:

اوپر دیا گیا اصول تب ہے جب صفت اسم کے بالکل ساتھ ہے اور اس کے ساتھ حرف تنکیر یعنی ڈیر، ڈی، ڈاس (der, die, das) نہیں ہے۔ اگر اسم کے ساتھ حرف تنکیر یعنی Definite Article ہو تو پھر ہر صفت کے ساتھ حرف (e) کا اضافہ ہوگا مثلاً

Der gute Mann (dare gootay Man)	Die gute Frau (Dee gootay Fraau)	Das gute kind (Daas gootay Keend)	-1
Der rote Tisch (Dare rotay Teesh)	Die rote Blume (Dee rotay Blumay)	Das rote Buch (Daas rotay Bookh)	-2

تیسرا اصول:

اگر کسی جملے میں صفت اسم کے بالکل ساتھ نہیں تو پھر اس کے آخر میں کسی حرف کا اضافہ نہیں ہوگا۔ مثلاً

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Der Mann ist gut	Dare Man eest goot	The man is good	یہ آدمی اچھا ہے۔
Das Buch ist gut	Daas Bookh eest goot	The book is good	یہ کتاب اچھی ہے۔
Die Frau ist gut	Dee Fraau eest goot	The woman is good	یہ عورت اچھی ہے۔

ب چونکہ صفت اسم۔کے بالکل ساتھ استعمال نہیں ہوئی اسلئے اس کے آخر میں کسی حرف کا اضافہ نہیں ہوا۔

اسم اور اسم فعل

Noun and Verb

Noman Ond Varb

Nomen Und Verb

اسم تو وہ الفاظ ہیں جو کسی بھی چیز، جگہ یا فرد کا نام ہیں۔ انہیں جرمن زبان میں جب لکھا جائے گا تو پہلا حرف ہمیشہ بڑا یعنی capital ہوگا چاہیے یہ جملے میں کہیں بھی آئیں۔ مثلاً (کتاب) Vater,Buch (باپ)، Bruder (بھائی) وغیرہ۔ اسم فعل وہ الفاظ ہیں جو کسی فعل یا عمل کو ظاہر کرتے ہیں اور یہ چھوٹے حروف میں ہی لکھے جاتے ہیں مثلاً gehen (جانا)، kommen (آنا) وغیرہ۔ اس کے علاوہ بھی تمام الفاظ چھوٹے حروف میں ہی لکھے جاتے ہیں حتیٰ کہ وہ فل سٹاپ (full stop) کے بعد آئیں۔ یعنی فل سٹاپ کے بعد شروع ہونے والے لفظ کا پہلا حرف بڑا ہی ہوگا۔ مثلاً

1 This is a women. She is beautiful. — 1۔ یہ عورت ہے۔ یہ خوبصورت ہے۔
Das ist eine Frau. Sie ist schön
(Daas eest aeenay Fraau. Zee eest schaoun)

ہم پہلے پڑھ چکے ہیں کہ she کیلئے sie چھوٹے (s) کے ساتھ ہوتا ہے اور ''آپ'' کیلئے (sie) بڑے (S) کے ساتھ ہوتا ہے۔ اب جبکہ ہم نے فل سٹاپ کے بعد جملہ شروع کیا ہے تو sie کا چھوٹا (s) بڑا (S) ہی ہوگا۔ لیکن ہم جملے کے حالات سے جان جائیں گے کہ یہ (she) کیلئے ہے نا کہ (آپ) کیلئے۔

کسی خاص چیز کی طرف اشارہ:

اگر ہم کسی خاص چیز کی طرف توجہ دلانا چاہیں تو اس کیلئے ہمارے پاس لفظ dieses ہے۔ لیکن یہ بھی ہر جنس کے ساتھ علیحدہ استعمال ہوگا۔ مثلاً

مذکر	مونث	نوئے ٹرم
Dieser Mann This man یہ آدمی	Dieser Frau This Woman یہ عورت	Dieses kind This baby یہ بچہ

اب یہاں جب بھی ہم اشارہ کریں گے تو وہ کسی بھی خاص چیز کی طرف ہوگا۔ یعنی اگر دس آدمی کھڑے ہیں اور آپ صرف ایک کی طرف اشارہ کرتے ہیں تو کہیں گے۔ dieser Mann، (This man) (یہ آدمی) اس سے پہلے آپ نے ہر جملے کے استعمال میں Das کا استعمال دیکھا۔ مثلاً

1- This is the table.
Das ist der Tisch
(Daas eest dare Teesh)

1۔ یہ میز ہے۔

تو عام طور پر جرمن das اگر جملے کے شروع میں استعمال کریں تو اس کا مطلب بھی this ہی ہے۔ لیکن خاص اشارے کیلئے

1- der, dieser   2- die , diese   3- das , dieses

ضروری گردانیں:

اب ہم کچھ ضروری گردانیں دیکھتے اور سیکھتے ہیں جن کا آنا ضروری ہے۔ گردانیں عام طور پر کسی اسم جو کہ فرد کا ہو کے ساتھ اسم فعل کی ہوتی ہیں۔ یہاں ہم کچھ گردانیں دیکھیں گے۔ باقی کا چارٹ کتاب کے آخر میں ہے۔ کیونکہ اس وقت تک آپ کا تلفظ بن چکا ہوگا۔

جرمن زبان میں اسم فعل مختلف افراد کے ساتھ اپنی حیثیت بدلتا ہے۔ یعنی مثال کے طور پر اگر اسم فعل ''کھانا'' ہے۔ تو اُردو میں اس کی مثال یوں ہوگی۔

میں کھاتا ہوں۔   تم کھاتے ہو۔   ہم کھاتے ہیں۔

اب دیکھیں اسم فعل تو ''کھانا'' تھا لیکن فرد کے ساتھ وہ بدل گیا۔

چارٹ 1

1-	Ich (lsh)	bin (bin)	war (waar)	I	am	was	تھا	ہوں	میں
2-	du (do)	bist (beest)	warest (Waarast)	You	are	were	تھے	ہو	تم
3-	er (err)	ist (eest)	war (waar)	He	is	was	تھا	ہے	وہ
4-	sie (zee)	ist (eest)	war (waar)	She	is	was	تھی	ہے	وہ
5-	es (es)	ist (eest)	war (waar)	It	is	was	تھا	ہے	وہ
6-	wir (wear)	Sind (zind)	waren (waaran)	We	are	were	تھے	ہیں	ہم
7-	sie (zee)	Sind (zind)	waren (waaran)	They	are	were	تھے	ہیں	وہ سب
8-	Sie (Zee)	Sind (zind)	Waren (waaren)	You	are	was	تھے	ہیں	آپ
9-	ih- (eehr)	Seid (zaeed)	wart (waart)	You all	are	were	تھے	ہو	تم سب

چارٹ 2

نمبر شمار		haben (haban)	to have	رکھنا
1-	Ich (Ish)	habe (habay)	I have	میں رکھتا ہوں۔
2-	du (do)	hayst (haast)	You have	تم رکھتے ہو۔
3-	er (err)	hat (hat)	He has	وہ رکھتے ہیں
4-	sie (zee)	hat (haat)	She has	وہ رکھتی ہے۔
5-	es (es)	hat (haat)	It has	وہ رکھتا ہے۔
6-	wir (wear)	haben (haaban)	We have	ہم رکھتے ہیں۔
7-	Sie (zee)	haben (haaban)	They have	وہ سب رکھتے ہیں۔
8-	Sie (Zee)	haben (haaban)	You have	آپ رکھتے ہیں۔
9-	ihr (eehr)	habt (haabt)	They all have	تم سب رکھتے ہو۔

کتاب میں دیئے گئے تلفظ کے متعلق:

اس کتاب میں ہر جرمن زبان کے جملے کا تلفظ انگلش میں دیا گیا ہے۔ اب کچھ اس تلفظ کی ادائیگی کے متعلق۔

aa

جہاں جہاں آپ کو تلفظ میں (aa) ساتھ ملے وہاں آواز (آ) کی ہوگی۔ مثلاً لفظ acht (آٹھ) (eight)۔ اس کا تلفظ یوں دیا گیا ہے۔ (aakht) یعنی آخت نا کہ اخت۔ جب بھی آپ کو (aa) ملے اسے اوپر کو اٹھائیں نا کہ آ گے کو جیسے aakht کو (اےخت) نہیں پڑھنا بلکہ آخت۔

a

جہاں بھی آپ کو ایک (a) تلفظ میں ملے وہاں اس کی آواز کو بھی (a) یعنی (اے) کے طور پر نکالنا ہے۔ جیسے لفظ geben ہے۔ تو اس کا تلفظ gaban لکھا ہے۔ اسے ایسے پڑھیں گے (گیبن)۔ اصل میں جب بھی کسی جرمن تلفظ میں (e) آتا ہے تو نا تو اس کی آواز بہت اٹھی ہوتی ہے جیسے "آ" اور نا بہت لیٹی جیسے (اے) اصل میں یہ ہلکی آواز "آ" کی ہے یعنی (e) کے تلفظ کو جو اے دیا گیا ہے اسے "اہ" پڑھیں گے لیکن آواز ایسی ہوگی جیسی (اے) کی ہے لیکن اس کی آواز "آ" ہرگز نہیں۔ میں اگر (geben) کو ادا کروں گا تو وہ ایسے ہوں گا۔ گبن یعنی صرف آواز "زبر" (/) سے اٹھاؤں گا لیکن بہت زیادہ نہیں۔ جرمن لوگوں کو سنتے وقت یہ gayban محسوس ہوتا ہے۔

Kh

جہاں بھی kh آئے وہاں ''خ'' کی الفاظ نکالنی ہے مثال کے طور پر پھر acht کا ذکر کروں گا۔ اس کا تلفظ aakht لکھا ہے تو یہ آخت ہے۔

Sh

تلفظ میں یہ ''ش'' کی آواز دے گا۔

Oae

یہ اصل میں ام لاؤٹ کی جگہ استعمال کیا گیا ہے۔ اس کی آواز تقریباً ایسی ہوگی ''اوے'' جیسے spät لفظ کا تلفظ spaet دیا گیا ہے تو اسے ''شپیٹ'' پڑھیں گے۔

Ou

جہاں تلفظ میں ou دیا گیا ہے (یو) پڑھیں گے مثلاً لفظ ہے fünf تلفظ founf تو اسے ''فویونف'' پڑھیں گے۔

Oo

''oo'' جہاں ملے وہاں آواز باریک اور ایسی ہوگی۔ ''اُوؤ'' تا کہ ''او'' جیسے تلفظ ہے Buck اس کا تلفظ یوں لکھا گیا ہے Bookh تو اسے ''بوخ'' نہیں بلکہ ''بووخ'' پڑھیں گے۔

ee

یہ زیادہ تر ''i'' کی آواز کی جگہ دیا گیا ہے اس کی جگہ تلفظ میں بھی ''i'' ہی دیا جا سکتا تھا لیکن جرمن ''i'' کی آواز کو بہت بیٹھا ہوا نکالتے ہیں جو ''ای'' اور خالی ای نہیں بلکہ ''ای ی ی'' کہہ لیں۔ مثال کے طور اگر ''lish'' لکھا گیا ہے تو ''lish'' لش نہیں بلکہ لیش پڑھنا ہے۔

گنتی

NUMBER
SAAHLAN
ZAHLEN

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Ein	Aeen	One	ایک
Zwei	Swaee	Two	دو
Drei	Draee	Three	تین
Vier	Fear	Four	چار
Fünf	Founf	Five	پانچ

Sechs	Zakhs	Six	چھ
Sieben	Zeeban	Seven	سات
Acht	Aakht	Eight	آٹھ
Neun	Noan	Nine	نو
Zehn	Sahn	Ten	دس
Elf	Alf	Eleven	گیارہ
Zwölf	Swoaelf	Twelve	بارہ
Dreizehn	Draee-sahn	Thirteen	تیرہ
Vierzehn	Fear-sahn	Fourteen	چودہ
Fünfsahn	Founf-zaahn	Fifteen	پندرہ
Sechzehn	Zakh-sahn	Sixteen	سولاں
Siebzehn	Zeeb-sahn	Seventeen	سترہ
Achtzehn	Aakht-sahn	Eighteen	اٹھارہ
Neunzehn	Noan-sahn	Nineteen	انیس
Zwanzig	Swaanzish	Twenty	بیس
Ein und Zwanzig	Aeen ond Swanzish	Twenty one	اکیس
Zwei und Zwanzig	Swaee ond Swanzish	Twenty two	بائیس
Dreibig	Draee-sish	Thirty	تیس
Drei und Dreibig	Draee ond Draee-sish	Thirty three	تینتیس
Vierzig	Fear-zish	Fourty	چالیس
Vier und Vierzig	Fear ond Fear-zish	Fourty four	چوالیس
Fünfzig	Founf-zish	Fifty	پچاس
Fünf und Fünfzig	Founf ond Founf-zish	Fifty five	پچپن
Sechzig	Zakh-zish	Sixty	ساٹھ

Sechs und Sechzig	Zakhs ond Zakh-zish	Sixty six	چھیاسٹھ
Siebzig	Zeeb-zish	Seventy	ستر
Sieben und Siebzig	Zeeban ond Zeeb-zish	Seventy seven	ستتر
Achtzig	Akht-zish	Eighty	اسی
Acht und Achtzig	Akht ond Akht-zish	Eighty eight	اٹھاسی
Neunzig	Noan - zish	Ninety	نوے
Neun und Neunzig	Noan ond Noan-zish	Ninety nine	ننانوے
Hundert	Hundart	Hundred	سو
Ein hundert und ein	Aeen hundart ond aeen	One Hundred and one	ایک سوایک
Hundert und fünfzig	Hundart ond founf-zish	Hundred and fifty	ایک سوپچاس
Hundert und neun und neunzig	Hundart ond noan ond noan-zish	Hundred and ninty nine	ایک سوننانوے
Zwei hundert	Swaee hundart	Two hundred	دوسو
Zwei hundert und fünf und dreizig	Swaee hundart ond founf ond draee-sish	Two hundred and thirty five	دوسوپینتیس
Drei hundert	Draee hundart	Three hundred	تین سو
Vier hundert	Fear hundart	Four hundred	چارسو
Fünf hundert	Founf hundart	Five hundred	پانچ سو
Sechs hundert	Zakhs hundart	Six hundred	چھ سو
Sieben hundert	Zeeban hundart	Seven hundred	ہزار
Acht hundert	Akht hundart	Eight hundred	سات سو
Neun hundert	Noan hundart	Nine hundred	آٹھ سو
Ein Thousand	Thouzand	Thousand	نوسو

Ein tousand	Aeen touzand	One thousand	ایک ہزار
Ein tousand und ein hundert	Aeen touzand ond aeen hundart	One thousand one hundred	ایک ہزار ایک سو
Ein tousand sieben und acht hundert	Aeen touzand seeban ond aakht hundart	One thousand eight hundred and seven	ایک ہزار آٹھ سو سات
Ein tousand neun hundert und neun und neunzig	Aeen touzand noan hundart ond noan ond noan-zish	One thousand nine hundred and ninety nine	ایک ہزار نو سو ننانوے
Zwei tousand	Swaee touzand	Two thousand	دو ہزار
Zwei tousand fünf hundert	Swaee touzand founf hundart	Two thousand five hundred	دو ہزار پانچ سو
Drei tousand	Draee touzand	Three thousand	تین ہزار
Vier tousand	Fear touzand	Four thousand	چار ہزار
Fünf tousand	Founf touzand	Five thousand	پانچ ہزار
Sechs tousand	Zakhs touzand	Six thousand	چھ ہزار
Sieben tousand	Zeeban touzand	Seven thousand	سات ہزار
Acht tousand	Aakht touzand	Eight thousand	آٹھ ہزار
Neun tousand	Noan touzand	Nine thousand	نو ہزار
Zehn tousand	Sahn touzand	Ten thousand	دس ہزار
Zwanzig tousand	Swan-zish touzand	Twenty thousand	بیس ہزار
Fünfzig tousand	Founf-zish touzand	Fifty thousand	پچاس ہزار
Achtzig tousand drei hundert und zehn	Aakht-zish touzand draee hundart ond sahn	Eight thousand three hundred and ten	اسی ہزار تین سو دس
Neun und neunzig tousand	Noan ond noan - zish touzand	Ninety nine thousand	ننانوے ہزار

Hundert tousand	Hundart touzand	Hundred thousand	ایک لاکھ/سو ہزار
Ein million	Aeen meel-leeon	One million	ایک ملین
Zehn millionen	Sahn meel - leeonan	Ten million	دس ملین
Ein billion	Aeen beel - leeon	One billion	ایک ارب

Cardinal Numbers

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
erste	arztay	First	پہلا
zweite	swaeetay	Second	دوسرا
dritte	dreettay	Third	تیسرا
vierte	feartay	Fourth	چوتھا
fünfte	founftay	Fifth	پانچواں
sechste	zakhstay	Sixth	چھٹا
siebte	zeebtay	Seventh	ساتواں
achte	aakhtay	Eighth	آٹھواں
neunte	noantay	Ninth	نوواں
zehnte	sahntay	Tenth	دسواں

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Ein drittens	Aeen dreettanz	One third	ایک تہائی
Ein viertes	Aeen feartaz	One fourth	ایک چوتھائی
Zwei drittens	Swaee dreettanz	Two third	دو تہائی

باب نمبر 2

اس باب میں شامل ہے:

- اپنے آپ کو متعارف کروانا
- کلیدی الفاظ / جملے
- خاندانی پس منظر متعارف کروانا

تعارف کرانا

INTRODUCING ONESELF
DAAS ANFOOHRAN SALBSAT
DAS EINFÜHREN SELBST

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Bitte erklären Sie mir, wer Sie sind?	Beetay erklaeran Zee meer, wer Zee zind	Please tell me who are you?	برائے مہربانی بتائیں آپ کون ہیں؟
Mein Name ist Aamir	Maeen Naama eest Aamir	My name is Aamir	میرا نام عامر ہے
Ich komme aus Pakistan	Ish kommay aaous Pakistan	I am from Pakistan	میں پاکستان سے ہوں
Ich bin ein Pakistaner	Ish bin Aeen Pakista-nar	I am a Pakistani	میں ایک پاکستانی ہوں
Meine Natioalität ist Pakistanisch	Maeena Nat-sion-nali-taet eest Pakista-neesh	My nationality is Pakistani	میری شہریت پاکستانی ہے

Ich bin von der Hauptstadt von Islamabad	Ish bin fon dare Haoupt-Sh-taad fon Islamabad	I am from the Capital city of Islamabad	میں دارالحکومت اسلام آباد سے ہوں
Ich bin von Karachi	Ish bin fon Karachi	I am from Karachi	میں کراچی سے ہوں
Ich bin von der Stadt von Lahore	Ish bin fon dare Sh-taad fon Lahore	I am from the city of Lahore	میں لاہور شہر سے ہوں
Ich war in Lahore geboren	Ish waar in Lahore gaboran	I was born in Lahore	میں لاہور میں پیدا ہوا
Lahore ist mein Geburtsort	Lahore eest Maeen Ga-bourt-zort	Lahore is my birthplace	لاہور میری جائے پیدائش ہے
Ich bin ein Studenten	Ish bin aeen Shto-dan-tan	I am a student	میں ایک طالب علم ہوں
Ich bin Studentenin	Ish bin Shtu-dan-ta-nin	I am a female student	میں ایک طالبہ ہوں
Ich bin ein Geschäftsmann	Ish bin aeen Gashaeft- maan	I am a businessman	میں ایک کاروباری شخص ہوں
Ich bin ein Arbeiter	Ish bin aeen Aar-baee-tar	I am a worker	میں ایک مزدور ہوں
Ich bin ein Jobsucher	Ich bin aeen Job-soo-kher	I am a job seeker	میں نوکری کی تلاش میں ہوں
Ich bin ein Tourist	Ish bin aeen Tou-rist	I am a tourist	میں ایک ٹورسٹ ہوں
Ich studiere in der Schule	Ish Shtu-dee-array in dare Shu-la	I study in school	میں سکول میں پڑھتا ہوں

Ich studiere in der Hochschule	Ish Shtu-dee-array in dare Hokh- shu-la	I study in college	میں کالج میں پڑھتا ہوں
Ich studiere in der Universität	Ish Shtu-dee-array in dare Oo-nee-va r-see-taet	I study in university	میں یونیورسٹی میں پڑھتا ہوں
Ich habe Kleidgeschäft	Ish Habay Klaeed-gashaeft	I have garments business	میرا کپڑوں کا کاروبار ہے
Ich bin ein Importeur und ein Exporteur	Ish bin aeen Impor-toaur ond aeen Expor-toaur	I am an importer and exporter	میں برآمد اور درآمد کرتا ہوں
Ich importiere Sachen	Ish impor-tee-array Za-khan	I import things	میں چیزیں درآمد کرتا ہوں
Ich arbeite in einem Geschäft	Ish Aarbaeeta in aeenam Gashaeft	I work in a shop	میں دکان میں کام کرتا ہوں
Ich arbeite in einer Fabrik	Ish Aarbaeetay in aeenar Faab-reek	I work in a factory	میں ایک فیکٹری میں کام کرتا ہوں
Ich arbeite in einem Krankenhaus	Ish Ar-baee-tay in aee-nam Krank-an- haous	I work in a hospital	میں ایک ہسپتال میں کام کرتا ہوں
Ich arbeite in einer Apotheke	Ish Aar-baee-tay in aee-nar Aapothakay	I work in a pharmacy	میں ایک فارمیسی میں کام کرتا ہوں
Ich bin ein Koch	Ish bin aeen Koo-kh	I am a cook	میں ایک باورچی ہوں
Ich bin ein Doktor	Ish bin aeen Dokt-or	I am a doctor	میں ایک ڈاکٹر ہوں
Ich bin eine Doktorin	Ish bin aee-nay Dokt-or-in	I am a lady doctor	میں ایک لیڈی ڈاکٹر ہوں

Ich bin eine Software Ingenieur	Ish bin aee-nay software Injaneeor	I am a software engineer	میں ایک سافٹ ویئر انجینئر ہوں
Ich bin ein Lehrer	Ish bin aeen Layh-ray-rr	I am a teacher	میں ایک استاد ہوں
Ich bin eine Lehrerin	Ish bin aeenay Layh-ray-reen	I am a lady teacher	میں ایک استانی ہوں
Ich bin ein Beamter	Ish bin aeen Bee-aam-tar	I am a government servant	میں سرکاری ملازم ہوں
Ich bin administrativer Offizier	Ish bin aad-mee-nees-traa-tee-var Offi-see-err	I am administrative officer	میں ایک انتظامی افسر ہوں
Ich bin ein Maschinen-schreiber	Ish bin aeen Mashi-nashrraee-bar	I am a typist	میں ایک ٹائپسٹ ہوں
Ich habe meine Schule beendet	Ish habay ma-ee-nay shula beeandat	I have finished my school	میں نے سکول ختم کرلیا ہے
Ich habe meine Hochschule beendet	Ish habay maeena Hokh-shula beeandat	I have finished my college	میں کالج سے فارغ ہوگیا ہوں
Ich bin ein Absolvent	Ish bin aeen Aab-zol-fant	I am a graduate	میں ایک گریجویٹ ہوں
Ich habe Meister getan	Ish habay Ma-ees-tar gataan	I have done masters	میں نے ماسٹرز کیا ہے
Ich erlerne deutsche Sprache	Ich err-lar-nay doay-chay Shup-raa-kha	I am learning German language	میں جرمن زبان سیکھ رہا ہوں

کلیدی الفاظ / جملے

KEYWORDS

SHULOOSSALWAARTAR

SCHLÜSSELWÖRTER

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Wer sind Sie?	Wer zind Zee?	Who are you?	آپ کون ہیں؟
Mein Name ist	Maeen Naama eest	My name is	میرا نام ہے
Meine Nationalität ist	Maeena Nat-shio-nali-taet eest	My nationality is	میری شہریت ہے
Ich heisse	Ish haeesay	I am called	میں کہلاتا ہوں
Ich bekannt	Ish ba-kaant	I am known	میں جانا جاتا ہوں
Ich bin	Ish bin	I am	میں ہوں
Ich bin von	Ish bin fon	I am from	میں وہاں سے ہوں
Hauptstadt	Haoupt-shtaadt	Capital city	دارالحکومت
Geburtsplatz	Gaburts-plaats	Birth place	جائے پیدائش
Getragen	Ga-traagan	Born	پیدائش
Studenten	Shtu-dantan	Student	طالب علم
Studentenin	Shtu-danta-neen	Female student	طالبہ
Geschäftsmann	Ga-shaeft maan	Businessman	کاروباری شخص
Arbeiter	Aarbaeetar	Worker	مزدور
Jobsucher	Job-sookhar	Job seeker	نوکری تلاش کرنے والا
Ich studiere	Ish Shtu-dee-array	I study	میں پڑھتا ہوں
Schule	Shulay	School	سکول
Hochschule	Hokh- Shulay	College	کالج
Universität	Oo-nee-var-see-taet	University	یونیورسٹی
Absolvent	Aab-zol-fant	Graduate	گریجویٹ

Ich habe	Ish habay	I have	میں رکھتا ہوں
Kleider	Klaeedar	Garments	کپڑے
Geschäft	Ga-shaeft	Business	کاروبار
Importeur	Importoaer	Importer	درآمدکنندہ
Exporteur	Exportoaer	Exporter	برآمدکنندہ
Geschäft	Ga-shaeft	Shop	دکان
Verbraucher	far-braaou-khar	Consumer	استعمال کنندہ
Elektronik	Alak-tro-neek	Electronics	الیکٹرونکس
Ich arbeite	Ish Aarbaeetay	I work	میں کام کرتا ہوں
Ich arbeite innen	Ish Aarbaeetay een-nan	I work in	میں اندر کام کرتا ہوں
Fabrik	Fab-reek	Factory	فیکٹری
Krankenhaus	Kraankan-haouz	Hospital	ہسپتال
Apotheke	Aapothakay	Pharmacy	دواخانہ/ فارمیسی
Abteilung	Aabtaee-lung	Department	ڈیپارٹمنٹ/دفتر
Koch	Kokh	Cook	باورچی
Doktor	Dokt-or	Doctor	ڈاکٹر
Doktorin	Dokt-or-een	Lady doctor	لیڈی ڈاکٹر
Ingenieur	In-janee-or	Engineer	انجینئر
Lehrer	Lahrar	Teacher	استاد
Lehrerin	Lahra-reen	Lady teacher	استانی
Bediensteter	Ba-deen-shta-tar	Servant	نوکر
Hauptleiter	Haoupt-laee-tar	Executive	کام کرنے والا
Administrativer Offizier	Aad-mee-nees-traa-tee-var Offi-see-ar	Administrative officer	انتظامی افسر
Offizier	Offi-see-ar	Officer	افسر
Maschinen-schreiber	Masheena-shraeebar	Typist	ٹائپسٹ
Ich habe	Ish habay	I have	میں رکھتا ہوں

Ich habe beendet	Ish haba beeandat	I have finished	میں مکمل کر چکا ہوں
Meister	Maees-tar	Masters	ماسٹرز
Ja	Ya	Yes	ہاں
Nein	Naeen	No	نہیں
Warum	Waarum	Why	کیوں
Wo	Wo	Where	کہاں
Gut	Goot	Good	اچھا
Sprache	Shpraa-khaay	Language	زبان

میرا خاندان

MY FAMILY

MAEENAY FAAMEE - LEEAY

MEINE FAMILIE

GERMAN	تلفظ	ENGLISH	اُردو
Lassen Sie mich Sie zu meiner Familie vorstellen	Laaz-zan Zee meesh Zee su Maeenar Faa-mee-leea for-shtal-lan	Let me introduce you to my family	میں آپ سے اپنے خاندان کا تعارف کراتا ہوں۔
Ich habe eine grosse Familie	Ish haba Aaeenay grossa Faamee-leea	I have a big family	میرا خاندان بڑا ہے
Ich habe eine kleine Familie	Ish haba aeenay klaeena Faa-mee-leea	I have a small family	میرا خاندان چھوٹا ہے
Meine Familie wohnt in Pakistan	Maeena Faa-mee-leeay wo-hnt in Pakistan	My family lives in Pakistan	میرا خاندان پاکستان میں رہتا ہے

Alle wir leben in einem Haus	Aal-la wear laban in aeenam Hauoz	We all live in one house	ہم سب ایک ہی گھر میں رہتے ہیں
Dieses ist mein Vater	Deezas eest maeen faa-tar	This is my father	یہ میرے والد ہیں
Er ist 50 Jahre alt	Err esst founf-zish Yahray aalt	He is 50 years old	یہ پچاس سال کے ہیں
Mein Vater arbeitet in einer Fabrik	Maeen faa-tar aarbaeetat in aeenar Fab-reek	My father works in a factory	میرے والد ایک فیکٹری میں کام کرتے ہیں
Mein Vater ist ein Doktor	Maeen faa-tar eest aeen Dokt-or	My father is a doctor	میرے والد ڈاکٹر ہیں
Mein vater ist ein Gasechäftsmann	Maeen faa-tar eest aaeen Ga-shaeft-maan	My father is a business man	میرے والد ایک کاروباری شخص ہیں
Mein Vater ist ein Lehrer	Maeen faa-tar eest aeen Lahrar	My father is a teacher	میرے والد ایک استاد ہیں
Mein Vater ist eine pensionierte Person	Maeen faa-tar eest aeena pan-zee-oneer-ta Par-zon	My father is a retired person	میرے والد ریٹائرڈ ہو چکے ہیں
Dieses ist meine Mutter	Deezas esst maeenay Moo-tar	This is my mother	یہ میری والدہ ہیں
Sie ist 42 Jahre alt	Zie esst swaee und swan-zish Yahray aalt	She is 42 years old	یہ بیالیس سال کی ہیں
Meine Mutter ist eine Hausfrau	Maeena Moo-tar eest aeenay Haouz-fraao	My mother is a house wife	میری والدہ ایک گھریلو خاتون ہیں
Zie bleibt zu Hause	Zee blaeebt su Haouza	She remains at home	وہ گھر پر رہتی ہیں

Meine Mutter ist eine Doktorin	Maeena Moo-tar eest aeena Dokt-o-reen	My mother is a lady doctor	میری والدہ ایک لیڈی ڈاکٹر ہیں
